
# وقت







کلاک وقت بتاتا ہے۔

اس میں ایک گھنٹے کی سوئی ہے اور ایک منٹ کی سوئی ہے۔

لمبی سوئی منٹوں کی سوئی ہے اور منٹ بتاتی ہے۔

چھوٹی سوئی گھنٹوں کی سوئی ہے اور گھنٹے بتاتی ہے۔





کلاک کے ڈائل پر چھوٹے چھوٹے 60 نشانات ہیں۔

اور یہ منٹوں کے لئے ہیں۔

ایک گھنٹے میں 60 منٹ ہوتے ہیں۔

اس کلاک کو دیکھئے۔





چھوٹی سوئی 5 سے ذرا آگے کی طرف اشارہ کر رہی ہے۔

اور لمبی سوئی 3 کی طرف اشارہ کر رہی ہے۔

اس کا مطلب ہے وقت 5 بجکر 15 منٹ ہوا ہے۔

اس کلاک کو دیکھئے۔




چھوٹی سوئی 6 سے ذرا آگے کی طرف اشارہ کر رہی ہے۔ ہم 6 کو بائیں طرف لکھتے ہیں۔

6 :


یعنی 6 بج گئے ہیں اور لمبی سوئی 4 کی طرف اشارہ کر رہی ہے۔

یعنی 20 منٹ ہو گئے ہیں۔ وقت 6 بجکر 20 منٹ ہوا ہے۔


اسے ہم 6:20 لکھتے ہیں۔

اور پڑھتے ہیں 6 بجکر 20 منٹ


وقت پڑھ کر گھنٹے اور منٹ کی سوئیاں بنائیے۔




10 : 15




11 : 30




4 : 35



5 : 20




1 : 10




3 : 50


وقت پڑھ کر متعلقہ کلاک سے ملایئے۔




8 : 50



12 : 05



2 : 00



11 : 20

حمزہ اور ثناء اس وقت اسکول میں ہیں۔

وقت 8 a.m ہے۔

یعنی صبح کے 8 بجے ہیں۔



ہم وقت کے ساتھ a.m آدھی رات کے
فوراً بعد لکھنا شروع کرتے ہیں۔



حمزہ اور ثناء شام کا کھانا کھا رہے ہیں۔

وقت 8 p.m ہے یعنی رات کے آٹھ بجے ہیں۔

دن کے بارے بجے کے فوراً بعد وقت
کے ساتھ p.m لکھتے ہیں۔

فقرہ کو پڑھیے اور درست وقت کے گرد دائرہ لگائیے۔

ہم 7 بجے سکول جاتے ہیں۔


ثناء ناشتہ 9 بجے کرتی ہے۔

میں رات 11 بجے سوتا ہوں۔


| | |
|---|---|
| a.m. | p.m. |
| a.m. | p.m. |
| a.m. | p.m. |

کلاک کو دیکھ کر ڈبہ میں وقت لکھئے۔ وقت کے ساتھ a.m یا p.m بھی لکھئے۔


شام




صبح




صبح




شام



صبح




شام



کلاک کو دیکھئے۔


وقت 3:00 ہے۔

ہم کہتے ہیں 3 بجے ہیں۔




2 گھنٹوں کے بعد وقت کیا ہوگا۔


$$\begin{array}{r} 3 \\ +\ 2 \\ \hline 5 \\ \hline \end{array}$$




5 بجے ہوں گے۔

مزید 2 گھنٹوں کے بعد وقت کیا ہوگا


$$\begin{array}{r} 5 \\ +\ 2 \\ \hline 7 \\ \hline \end{array}$$




7 بجے ہوں گے

کلاک کو دیکھئے۔


1 بجے کا وقت ہے۔




3 گھنٹوں کے بعد وقت کیا ہوگا۔

کلاک پر وقت دیکھئے۔

5 بجے ہیں۔




ایک گھنٹا کہ بعد وقت کیا ہوگا؟


علی 6 بجے اسلام آباد کے لئے روانہ ہوا اور 5 گھنٹوں میں اسلام آباد پہنچ گیا۔

بتایئے وہ کس وقت اسلام آباد پہنچا۔

انعم نے 2 بجے گھر کا کام شروع کیا اور 3 گھنٹوں میں مکمل کیا۔

بتایئے انعم نے کس وقت کام مکمل کیا۔

کلاک کو دیکھئے۔





وقت 5:00 ہے۔

ہم کہتے ہیں 5 بجے ہیں۔

اس سے 2 گھنٹے پہلے وقت کیا تھا۔


$$\begin{array}{r} 5 \\ -\ 2 \\ \hline 3 \\ \hline \end{array}$$





3 بجے کا وقت تھا۔

3 بجے سے 2 گھنٹے پہلے وقت کیا تھا۔

$$\begin{array}{r} 3 \\ -\ 1 \\ \hline 2 \\ \hline \end{array}$$





1 بجے کا وقت تھا۔




کلاک پر وقت دیکھئے۔

10 بجے کا وقت ہے۔

3 گھنٹے پہلے وقت کیا تھا۔




کلاک پر وقت دیکھئے۔

8 بجے کا وقت تھا۔

4 گھنٹے پہلے وقت کیا تھا۔

حسن نے اپنا کام 3 بجے شروع کیا۔ 2 گھنٹے پہلے کیا وقت تھا۔

5 بجے ہیں۔ ثناء 3 گھنٹے پہلے مارکیٹ گئی۔

3 گھنٹے پہلے وقت کیا تھا۔